## پریس ریلیز

# ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

17 اکتوبر، 2018

## شہری کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، بستی (یو پی) ۔ جرمانہ عائد

ریزروبینک آف انڈیا نے روپئے/10,000,00 (روپئے دس لاکھ صرف) کا جرمانہ شہری کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، بستی (یو پی) پر عائد کیا ہے۔ ریزرو بینک نے کوآپریٹیو بینک پر یہ جرمانہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے سیکشن (C)(I)471 جس کو سیکشن (4)46 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے، کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اس بینک کے ذریعہ آر بی آئی سے بغیر پیشگی منظوری کے کسی جگہ پر اے ٹی ایم کھولنے، اربن کوآپریٹیو بینکوں پر لاگو ایکسپوزر قوانین، دیگر پابندیوں، کے وائی سی/ منی لانڈرنگ کے خلاف قوانین کی خلاف ورزی کرنے اور اربن کوآپریٹیو بینکوں کے ذریعہ سرمایہ کاری کرنے کی وجہ سے عائد کیا ہے۔

ریزرو بینک آف انڈیا نے بینک کو وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا تھا، جس کے تعلق سے مذکروہ بینک نے تحریری جواب داخل کیا۔ معاملہ پر غور کرتے ہوئے اور بینک کے جواب کے پیش نظر، ریزرو بینک آف انڈیا اس نتیجہ پر پہنچا کہ قانون کی خلاف ورزی ہوئی ہے اس لئے جرمانہ عائد کردیا گیا۔

اجیت پرساد
معاون مشیر

پریس ریلیز:2018-2019/909